# ۱۰۔ انسانی پیشے

شکل ۱ء۱۰ میں دی ہوئی تصویروں کا مشاہدہ کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

- تصویر (الف) میں گائے اور بھینس کیا کر رہے ہیں؟
- تصویر (ب) میں کون سا عمل کیا جا رہا ہے؟
- تصویر (ج) میں دودھ جمع کرنے والے مرکز میں کیا ہو رہا ہے؟
- تصویر (د) میں ٹینکر کے ذریعے کس چیز کی نقل و حمل ہو رہی ہے؟ یہ ٹینکر کہاں جا رہا ہے؟
- تصویر میں کون سی چیزیں نظر آ رہی ہیں؟ یہ چیزیں کن اشیا سے تیار ہوئی ہوں گی؟
- تصویر (ہ) میں اور کون سا عمل ہو رہا ہوگا؟
- تصویر (و) میں کی کون سی چیزیں آپ استعمال کرتے ہیں؟
- دودھ اور دودھ سے بننے والی اشیا میں بنیادی فرق کیا ہوگا؟
- دودھ کی طرح کیا یہ اشیا بھی جلد خراب ہوتی ہوں گی؟

## جغرافیائی وضاحت

درج بالا تمام تصویریں پالتو جانور پالنے، ان سے دودھ حاصل کرنے، دودھ فروخت کرنے، دودھ کے کارخانوں میں دودھ پر کیمیائی عمل کرنے، دودھ سے گھی، مکھن، چیز (cheese)، شری کھنڈ، پنیر، دودھ کا پاؤڈر وغیرہ چیزیں بنانے، انھیں بازار میں فروخت کرنے وغیرہ سے متعلق ہیں۔ اس کے لیے مختلف سطحوں پر

(الف)



(ب)



(ج)



(د)




شکل ۱ء۱۰: انسانی پیشے

کام کیے جاتے ہیں۔ یہ تمام کام انسان نے اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے کیے ہیں۔ کاموں کے ان مختلف طریقوں سے حاصل شدہ چیزوں کے مطابق ہم ان کی درجہ بندی کر سکتے ہیں۔

درج بالا تصویریں دوبارہ دیکھ کر سوالوں کے جواب دیجیے۔

- درج بالا میں سے کون سا عمل انسان نے قدرت سے چیزیں حاصل کرنے کے لیے کیا ہے؟
- اس عمل سے اسے کون سی پیداوار حاصل ہوئی ہے؟
- انسان اس پیداوار کو کتنے عرصے تک استعمال کر سکتا ہے؟
- کس تصویر میں قدرت سے حاصل پیداوار کو جمع کیا جا رہا ہے؟
- اس عمل سے دودھ والے کو کون سی خدمت دستیاب ہوئی ؟
- دودھ کہاں لے جایا جا رہا ہے؟ دودھ پر اگلا عمل کیا ہوتا ہے؟
- دودھ کی کون سی اشیا دِکھائی دے رہی ہیں؟
- ان اشیا کی جانچ کون کر رہا ہوگا؟
- دکاندار ان اشیا کا کیا کرتا ہے؟
- ان میں سے خراب نہ ہونے والی اشیا اور خراب ہونے والی اشیا کون سی ہیں؟
- کیا دودھ کی قیمت اور وزن اور اس سے بنی اشیا کی قیمت اور وزن یکساں ہوگی؟

**اساتذہ وضاحت کے ساتھ طلبہ سے ان نکات پر گفتگو کریں۔**

**غور کیجیے**

۴۰ روپے فی لٹر دودھ ملتا ہے لیکن دہی ۶۰ روپے اور پنیر ۲۰۰ روپے فی کلو ملتا ہے۔ یہ سب دودھ ہی سے بنتے ہیں لیکن ان کی قیمتوں میں اتنا فرق کیوں ہوتا ہے؟

- ہم اپنی ضرورت کی تکمیل کے لیے مختلف کام کرتے ہیں۔ ان کاموں کو ہم پیشہ، صنعت، تجارت کہتے ہیں۔ ہمارے کیے جانے والے کاموں میں سے بعض کا انحصار قدرت پر ہوتا ہے یعنی ایسے کاموں سے حاصل شدہ مال ہمیں قدرت سے ملتا ہے۔ مثلاً گائے، بھینس جانور ہیں۔ انھیں ہم پالتے ہیں۔ تصویر (الف) دیکھیے۔ ان سے ہمیں دودھ ملتا ہے۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ دودھ کا پیشہ قدرت پر منحصر ہے۔ اس طرح قدرت پر منحصر پیشوں کو '**ابتدائی پیشے**' کہتے ہیں۔ جیسے گلہ بانی، ماہی گیری وغیرہ۔
- ابتدائی پیشوں سے حاصل شدہ چیزوں میں سے بعض کو ہم اصل حالت میں استعمال کرتے ہیں تو کچھ چیزوں کی اصل حالت کو تبدیل کر کے استعمال کرتے ہیں۔ اب تصویر (ہ) دیکھیے۔ اس تصویر میں حاصل کیا ہوا دودھ ڈیری میں لا کر اس پر کیمیائی عمل کیا جا رہا ہے۔ یعنی قدرت سے حاصل ہونے والی پیداوار پر مختلف عمل کر کے اس سے الگ الگ اشیا تیار کی جاتی ہیں۔ یہ چیزیں دودھ کے مقابلے میں زیادہ دنوں تک رہ سکتی ہیں اور ان کا معیار بھی کچھ بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے ان کی قیمتیں بھی زیادہ ہوتی ہیں جیسے دودھ سے شری کھنڈ، مکھن، چیز اور پاؤڈر وغیرہ تیار کرنا۔ ایسے عمل کو 'صنعت' کہتے ہیں۔ صنعت ہمیشہ 'خام مال' پر منحصر ہوتی ہے۔ اس عمل کے ذریعے خام مال سے زیادہ معیاری مال (پکّا مال) بنایا جاتا ہے۔ صنعتوں کو بہم پہنچایا جانے والا مال اکثر قدرت سے حاصل ہوتا ہے یعنی ابتدائی پیشوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ صنعت ہمیشہ ابتدائی پیشوں پر منحصر ہوتی ہے اس لیے ابتدائی پیشوں پر منحصر صنعتوں کو '**ثانوی پیشے**' کہتے ہیں۔

(ہ)




(و)



- اب تصویر (ج)، (د)، (و) دیکھیے۔ ان تصویروں میں آپ کو دودھ کی نقل وحمل، دودھ کی اشیا کی خرید وفروخت ہوتے ہوئے دِکھائی دے گا۔ یہ تمام کام ابتدائی اور ثانوی پیشوں کی پیداوار سے متعلق ہیں۔ یہ پیشے عموماً دونوں پیشوں کی جزوی مدد بھی کرتے ہیں۔ ایسے پیشوں کو 'ثلاثی پیشے' کہتے ہیں۔ یہ پیشے دیگر تمام پیشوں کی مدد کرتے ہیں اس لیے ایسے پیشے کو 'خدماتی پیشہ' بھی کہتے ہیں۔ اس میں اشیا کی نقل وحمل، ان کی خرید وفروخت وغیرہ کا شمار ہوتا ہے۔
- اب تصویر (ہ) دیکھیے۔ اس میں ایک شخص دودھ سے بنی اشیا کی جانچ کررہا ہے۔ وہ شخص ان اشیا کے 'معیار' کو جانچ رہا ہے۔ یہ کام کرنے کے لیے خاص 'مہارت' کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ بھی ایک قسم کا پیشہ ہی ہے۔ لیکن یہ ثلاثی پیشوں کی طرح عمومی نہیں۔ اس پیشے کو اختیار کرنے کے لیے خاص اہلیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لیے ایسے پیشے 'ربعی پیشے' کہلاتے ہیں۔

تمام خدماتی پیشے ابتدائی یا ثانوی پیشوں سے براہِ راست جڑے ہوں یہ ضروری نہیں، مثلاً ڈرائیور، دھاروالا، پولس، ڈاک وغیرہ۔



**آیئے غور کریں۔**

- ہم اگر بیمار پڑ جائیں تو ہمارا علاج کون کرتا ہے؟
- ہمارے امتحان کے پرچے کون جانچتا ہے؟
- عمارت کا خاکہ (design) کون بناتا ہے؟
- مشین کی ایجاد، دیکھ بھال اور اسے درست کون کرتا ہے؟

شکل ۲ء۱۰ میں دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیے۔ ہم پیشوں کی درجہ بندی سیکھ رہے ہیں۔ کیا شکر پیداوار کی صنعت سے جڑے ہوئے درج ذیل سوالوں کے جواب تلاش کیے جاسکتے ہیں؟

- ابتدائی سے ربعی پیشوں تک کی درجہ بندی کیجیے۔
- ثانوی پیشے کے لیے کون سے خام مال کا استعمال کیا گیا ہے؟
- ثانوی پیشے سے پیدا ہونے والی اشیا کون سی ہیں؟
- ثلاثی پیشوں میں کون سی خدمات شامل ہیں؟

- کون سی تصویر ربعی پیشے سے متعلق ہے؟ وہ پیشے کون سے ہیں؟



**کیا آپ حل کرسکتے ہیں؟**

اسی طرح دیگر پیشوں کی زنجیر ہمارے ذہن میں اگر آتی ہو تو اس پر غور کیجیے اور ان کی تصویریں بنا کر ابتدائی پیشے سے ربعی پیشے تک درجہ بندی کیجیے۔

## غور کرکے آپس میں بحث کیجیے۔


غور کیجیے کہ ہمارے پیشوں پر قدرت کے کون سے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہوں گے۔ اس کے لیے درج ذیل نکات لیجیے۔ جماعت میں ان پر بحث کیجیے۔ اس پر اپنی بیاض میں دو پیراگراف لکھیے۔

- بارش ہی نہیں ہوئی۔ (قحط)
- طوفان آیا۔
- زلزلہ آیا۔
- غیر موسمی بارش ہوئی۔
- اچھی بارش ہوئی۔
- بارش بہت ہوئی اور سیلاب آیا۔
- اچانک آتش فشاں پھٹ پڑا۔
- سنامی آئی۔



**آیئے، عمل کرکے دیکھیں۔**

- آپ کے اردگرد پائے جانے والے پیشے کون سے ہیں؟
- کن پیشوں کی تعداد زیادہ ہے؟
- ان پیشوں کے زیادہ ہونے کی وجوہات معلوم کیجیے۔
- آپ کے آس پاس کوئی صنعت جاری ہوگی تو اس کے وہاں جاری ہونے کی وجہ بھی اسی طرح بحث کرکے معلوم کیجیے۔
- قدرتی اور انسانی عوامل کے اثرات پیشوں پر ہوتے رہتے ہیں۔ یہ دیکھیں کہ کیا ان عوامل کو تلاش کیا جاسکتا ہے؟
- صنعتوں کی وجہ سے ماحول کو ہونے والے نقصان کی معلومات حاصل کیجیے۔


الف - گنے کا کھیت
ب - گنا توڑنا
ج - گنے کی نقل وحمل
د - کارخانے میں گنا جمع کرنا
ہ - کارخانے میں مشینوں کی جانچ اور دیکھ بھال
و - گنے کے رس پر عمل
ز - شکر کی پیداوار اور جانچ
ح - شکر کے بوروں کی حمل ونقل
ط - شکر کی فروخت

شکل ۲ء۱۰

انسانی پیشوں کی ہم اس طرح درجہ بندی کرتے ہیں۔ دنیا کے تمام ملکوں میں ان میں سے کوئی نہ کوئی پیشہ ضرور جاری ہے۔ ان تمام پیشوں ہی کی وجہ سے اندرونِ ملک اور ملکوں سے باہر 'مالی لین دین' ہوتے ہیں۔ اسی لین دین کی بنیاد پر ملک کی مختلف اشیا کی 'پیداوار' اور سالانہ 'آمدنی' طے ہوتی ہے۔ اسی کے ذریعہ دیگر ممالک کے مقابلے میں کسی ملک کی ترقی یا ترقی پذیری کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔


شکل ۳ء۱۰ کا مشاہدہ کیجیے۔ بنگلہ دیش، متحدہ عرب امارات اور ترکی ممالک میں جاری پیشوں سے جڑی ہوئی آبادی کے مطابق یہ منقسم دائرے بنائے گئے ہیں۔ ابتدائی پیشوں سے ثلاثی پیشوں تک کی درجہ بندی ان دائروں میں کی گئی ہے۔ ان منقسم دائروں کی مدد سے سوالوں کے جواب دیجیے۔

- کس ملک میں انسانی آبادی ابتدائی پیشوں سے زیادہ جڑی ہوئی ہے؟
- کس ملک میں ثانوی پیشوں میں زیادہ لوگ کام کرتے ہیں؟
- کس ملک میں ثلاثی پیشوں سے زیادہ لوگ جڑے ہوئے ہیں؟
- تمام پیشوں میں لوگوں کی تقریباً ایک جیسی تعداد والا ملک کون سا ہے؟

کسی ملک کے ثلاثی پیشوں میں نفری قوت کا تناسب اگر زیادہ ہو تو اس ملک کو ترقی یافتہ ملک کہا جاتا ہے۔ اور اگر ابتدائی پیشوں میں نفری قوت کا تناسب زیادہ ہو تو اسے ترقی پذیر ملک کہا جاتا ہے۔

اب مندرجہ بالا ملکوں میں ترقی یافتہ سے ترقی پذیر ملک کی ترتیبی فہرست بنائیے۔

**مختلف پیشوں میں نفری قوت کا فی صد (٪) تناسب**




شکل ۳ء۱۰: کچھ ممالک کے مختلف پیشوں میں نفری قوت کا تناسب



**مجھے یہ آتا ہے!**

- مختلف پیشوں کے متعلق بتانا۔
- پیشوں کے درمیان کے فرق کو سمجھنا۔
- ابتدائی تا ربعی پیشوں کی درجہ بندی کرنا۔
- پیشوں پر اثر کرنے والے عوامل کو پہچاننا۔

## مشق

**(الف) مناسب متبادل کا انتخاب کیجیے۔**

۱۔ ............... یہ ملازمت ثلاثی پیشے میں شمار ہوتی ہے۔
(الف) بس کنڈکٹر (ب) جانوروں کا ڈاکٹر
(ج) اینٹ بھٹی کا مزدور

۲۔ منطقۂ حارّہ میں عموماً..................... پیشہ پایا جاتا ہے۔
(الف) ابتدائی (ب) ثانوی
(ج) ثلاثی

۳۔ اجمل کی دادی پاپڑ، اچار بیچتی ہیں۔ یہ کون سا پیشہ ہے؟
(الف) ابتدائی (ب) ثانوی
(ج) ثلاثی

**(ب) وجہ بتائیے۔**

۱۔ پیشے کی نوعیت انسان کی آمدنی طے کرتی ہے۔
۲۔ ابتدائی پیشوں کے ممالک ترقی پذیر اور ثلاثی پیشوں والے ملک ترقی یافتہ ہوتے ہیں۔
۳۔ ربعی پیشے ہر جگہ دِکھائی نہیں دیتے۔

HT1Z1J

*** سرگرمی :**

اپنے قرب و جوار میں پائے جانے والے ثانوی پیشے (کارخانے) کا دورہ کیجیے اور درج ذیل نکات کی معلومات حاصل کرکے ان کا اندراج کیجیے۔

- پیشے کا نام کیا ہے؟
- کون سا خام مال استعمال ہوتا ہے؟
- خام مال کہاں سے دستیاب ہوتا ہے؟
- کون سی اشیا تیار ہوتی ہیں؟
- ان اشیا کو کہاں فروخت کیا جاتا ہے؟
- ثلاثی پیشوں کا کہاں کہاں استعمال ہوتا ہے؟

**حوالہ جاتی ویب سائٹس**

- http://en.wikipedia.org
- http://geography.about.com
- http://www.fourmilab.ch




طلبہ کے ذریعے انجام دی گئی ایک سرگرمی کا نمونہ